# اتوار 18اکتوبر،2026

# مضمون۔ کفارے کا عقیدہ

## سنہری متن: متی28باب20آیت

---

’’دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔‘‘

_ مسیح یسوع

---

## جوابی مطالعہ: زبور139باب1تا4، 7تا10آیات

1۔اے خداوند! تُو نے مجھے جانچ لیا اور پہچان لیا۔

2۔تُو میرا اُٹھنا بیٹھنا جانتا ہے۔ تُو میرے خیال کو دور سے سمجھ لیتا ہے۔

3۔تُو میرے راستہ کی اور میری خوابگاہ کی چھان بین کرتا ہے۔ اور میری سب روشوں سے واقف ہے۔

4۔دیکھ! میری زبان پر کوئی ایسی بات نہیں جسے تُو اے خداوند! پورے طور پر نہ جانتا ہو۔

7۔ میں تیری روح سے بچ کر کہاں جاؤں۔ یا تیری حضوری سے کدھر بھاگوں؟

8۔آسمان پر چڑھ جاؤں تو تُو وہاں ہے۔ اگر میں پاتال میں بستر بچھاؤں تو دیکھ! تُو وہاں بھی ہے۔

9۔اگر میں صبح کے پر لگا کر سمندر کی انتہا میں بسوں۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

10۔تو وہاں بھی تیرا ہاتھ میری راہنمائی کرے گا۔اور تیرا داہنا ہاتھ مجھے سنبھالے گا۔

## درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ یسعیاہ 41باب 10آیت

10۔تُو مت ڈر کیونکہ میں تیرے ساتھ ہوں۔ہراساں نہ ہو کیونکہ میں تیرا خدا ہوں میں تجھے زور بخشوں گا۔
میں یقیناً تیری مدد کروں گا اور میں اپنی صداقت کے دہنے ہاتھ سے تجھے سنبھالوں گا۔

### 2۔ پیدائش 28باب 10تا13(تا:)،15تا19(تا:)،20،21آیات

10۔اور یعقوب بیر سبع سے نکل کر حاران کی طرف چلا گیا۔

11۔اور ایک جگہ پہنچ کر ساری رات وہیں رہا کیونکہ سورج ڈوب گیا تھا اور اُس نے اُس جگہ کے پتھروں میں سے
ایک اُٹھا کر اپنے سرہانے دھر لیا اور اُسی جگہ سونے کو لیٹ گیا۔

12۔اور خواب میں کیا دیکھتا ہے کہ ایک سیڑھی زمین پر کھڑی ہے۔اور اُس کا سرا آسمان تک پہنچا ہوا ہے اور خدا کے
فرشتے اُس پر سے چڑھتے اُترتے ہیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،" سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ"میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

13۔اور خداوند اُس کے اوپر کھڑا کہہ رہا ہے کہ میں خداوند تیرے باپ ابرہام کا خدا اور اضحاق کا خدا ہوں۔ میں یہ زمین جس پر تو لیٹا ہے تجھے اور تیری نسل کو دوں گا۔

15۔اور دیکھ میں تیرے ساتھ ہوں اور ہر جگہ جہاں کہیں تو جائے تیری حفاظت کروں گا اور تجھ کو اِس ملک میں پھر لاؤں گا اور جو میں نے تجھ سے کہا ہے جب تک اُسے پورا نہ کرلوں تجھے نہیں چھوڑوں گا۔

16۔تب یعقوب جاگ اُٹھا اور کہنے لگا کہ یقیناً خداوند اِس جگہ ہے اور مجھے معلوم نہ تھا۔

17۔اور اُس نے ڈر کر کہا یہ کیسی بھیانک جگہ ہے! سو یہ خدا کے گھر اور آسمان کے آستانہ کے سوا اور کچھ نہ ہوگا۔

18۔اور یعقوب صبح سویرے اُٹھا اور اُس پتھر کو جسے اُس نے اپنے سرہانے دھرا تھا لے کر ستون کی طرح کھڑا کیا اور اُس کے سرے پر تیل ڈالا۔

19۔اور اُس جگہ کا نام بیت ایل رکھا لیکن پہلے اُس بستی کا نام لوز تھا۔

20۔اور یعقوب نے منت مانی اور کہا کہ اگر خدا میرے ساتھ رہے اور جو سفر میں کر رہا ہوں اور اِس میں میری حفاظت کرے اور مجھے کھانے کو روٹی اور پہننے کو کپڑا دیتا رہے۔

21۔اور میں اپنے باپ کے گھر سلامت لوٹ آؤں تو خداوند میرا خدا ہوگا۔

## 3۔ پیدائش 32 باب 1،2(تا:)،3،6،7(تا:)،24تا30 آیات

1۔اور یعقوب نے بھی اپنی راہ لی اور خدا کے فرشتے اُسے ملے۔

2۔اور یعقوب نے اُن کو دیکھ کر کہا کہ یہ خدا کا لشکر ہے۔

3۔اور یعقوب نے اپنے آگے آگے قاصدوں کو ادوم کے ملک کو جو شعیر کی سرزمین میں ہے اپنے بھائی عیسو کے پاس بھیجا۔

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،" سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ "میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

6۔پس قاصد یعقوب کے پاس لوٹ کر آئے اور کہنے لگے کہ ہم تیرے بھائی عیسو کے پاس گئے تھے۔ وہ چار سو آدمیوں کو ساتھ لے کر تیری ملاقات کو آرہا ہے۔

24۔اور یعقوب اکیلا رہ گیا اور پو پھٹنے کے وقت تک ایک شخص وہاں اُس سے کشتی لڑتا رہا۔

25۔اُس نے دیکھا کہ وہ اُس پر غالب نہیں ہوتا تو اسکی ران کو اندر کی طرف چھوا اور یعقوب کی ران کی نس اُسکے ساتھ کشتی کرنے پر چڑھ گئی۔

26۔اور اُس نے کہا مجھے جانے دے کیونکہ پو پھٹ چلی۔ یعقوب نے کہا کہ جب تک تُو مجھے برکت نہ دے میں تجھے جانے نہیں دونگا۔

27۔تب اُس نے اُس سے پوچھا کہ تیرا کیا نام ہے ؟اُس نے جواب دیا یعقوب۔

28۔اُس نے کہا کہ تیرا نام آگے کو یعقوب نہیں بلکہ اسرائیل ہوگا کیونکہ تو نے خدا اور آدمیوں کے ساتھ زور آزمائی کی اور غالب ہوا۔

29۔تب یعقوب نے اُس سے کہا کہ میں تیری منت کرتا ہوں تو مجھے اپنا نام بتادے۔ اُس نے کہا کہ تو میرا نام کیوں پوچھتا ہے ؟اور اُس نے اُسے وہاں برکت دی۔

30۔اور یعقوب نے اُس جگہ کا نام فنی ایل رکھا اور کہا کہ میں نے خدا کو روبرو دیکھا تو بھی میری جان بچی رہی۔

## 4۔ زبور 119باب 76، 77، 80آیات

76۔اُس کلام کے مطابق جو تُو نے اپنے بندوں سے کیا تیری شفقت میری تسلی کا باعث ہو۔

77۔ تیری رحمت مجھے نصیب ہو تا کہ میں زندہ رہوں۔ کیونکہ تیری شریعت میری خوشنودی ہے۔

80۔میرا دل تیرے آئین ماننے میں کامل رہے تاکہ میں شرمندگی نہ اُٹھاؤں۔

## 5۔ 1کرنتھیوں 3باب9تا11،16،21،23آیات

9۔ کیونکہ ہم خدا کے ساتھ کلام کرنے والے ہیں۔ تم خدا کی کھیتی اور خدا کی عمارت ہو۔

10۔ میں نے اُس توفیق کے موافق جو خدا نے مجھے بخشی دانا معمار کی طرح نیو رکھی اور دوسرا اُس پر عمارت اُٹھاتا ہے۔
پس ہر ایک خبر دار رہے کہ وہ کیسی عمارت اُٹھاتا ہے۔

11۔ کیونکہ سوا اُس نیو کے جو پڑی ہوئی ہے اور وہ یسوع مسیح ہے کوئی شخص دوسری نہیں رکھ سکتا۔

16۔ کیا تم نہیں جانتے کہ تم خدا کے مقدس ہو اور خدا کا روح تم میں بسا ہوا ہے؟

21۔ پس آدمیوں پر کوئی فخر نہ کرے کیونکہ سب چیزیں تمہاری ہیں۔

23۔ اور تم مسیح کے ہو اور مسیح خدا کا ہے۔

## 6۔ 2کرنتھیوں 6باب16تا18آیات

16۔ اور خدا کے مقدِس کو بتوں سے کیا مناسبت ہے؟ کیونکہ ہم زندہ خدا کا مقدِس ہیں۔ چنانچہ خدا نے فرمایا ہے کہ
میں اُن میں بسوں گا اور اُن میں چلوں پھروں گا اور میں اُن کا خدا ہوں گا اور وہ میری امت ہوں گے۔

17۔ اِس واسطے خداوند فرماتا ہے کہ اُن میں سے نکل کر الگ رہو اور ناپاک چیز کو نہ چھوؤ تو میں تم کو قبول کر لوں گا۔

18۔ اور تمہارا باپ ہوں گا اور تم میرے بیٹے بیٹیاں ہو گے۔ یہ خداوند قادر مطلق کا قول ہے۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

## 7۔ عبرانیوں 13باب 1،2،6،5،20،21آیات

1۔ برادرانہ محبت قائم رہے۔

2۔ مسافر پروری سے غافل نہ رہو کیونکہ اسی کی وجہ سے بعض نے بے خبری میں فرشتوں کی مہمانداری کی ہے۔

5۔ زر کی دوستی سے خالی رہو اور جو تمہارے پاس ہے اُسی پر قناعت کرو کیونکہ اُس نے خود فرمایا ہے کہ میں تجھ سے ہر گز دست بردار نہ ہوں گا اور کبھی تجھے نہ چھوڑوں گا۔

6۔ اس واسطے ہم دلیری کے ساتھ کہتے ہیں کہ خداوند میرا مددگار ہے۔

20۔ خدا اطمینان کا چشمہ جو بڑے چرواہے یعنی ہمارے خداوند یسوع مسیح کو ابدی عہد کے خون کے باعث مردوں میں سے زندہ کر کے اٹھالایا۔

21۔ تم کو ہر نیک بات میں کامل کرے تاکہ تم اُس کی مرضی پوری کرو اور جو کچھ اُس کے نزدیک پسندیدہ ہے یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہم میں پیدا کرے جس کی تمجید ابدالآباد ہوتی رہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 456:14۔15،4(اصول)۔17

خدا کی خاصیتیں انصاف، رحم، حکمت، نیکی وغیرہ ہیں۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

اصول اور اُس کا خیال ایک ہے، اور وہ ایک خدا، قادر مطلق، ہمہ دانی اور ہمہ جائی ہستی ہے، اور اُس کا سایہ انسان اور کائنات ہے۔ اومنی لاطینی اسمِ صفت سے اخذ کیا گیا ہے جو کلِ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ پس خدا کل طاقت یا توانائی، کلِ سائنس یا حقیقی علم، ہمہ جائیت کو ملاتا ہے۔

## 2۔ 303:15۔25

خود کی صورت اور شبیہ کے بغیر خدا عدم یا غیر ظاہری عقل ہوتا ہے۔ وہ خود کی فطرت کے ثبوت یا گواہی سے مبرا ہوتا ہے۔ روحانی انسان خدا کی شبیہ یا خیال ہے، ایسا خیال جو گم ہو سکتا اور نہ ہی اپنے الٰہی اصول سے جدا ہو سکتا ہے۔ جب گواہی نے مادی حواس کے سامنے روحانی فہم کو قبول کیا تو رسول نے یہ بیان دیا کہ کوئی اُسے خدا سے، شیریں فہم اور زندگی اور سچائی کی حضوری سے الگ نہیں کر سکتا۔

یہ مادی فہم کی چیزوں کی بنیاد پر قائم جہالت اور جھوٹا عقیدہ ہے جو روحانی خوبصورتی اور اچھائی کو چھپاتا ہے۔ اسے سمجھتے ہوئے پولوس نے کہا، ''خدا کی محبت سے ہم کو نہ موت، نہ زندگی۔۔۔ نہ فرشتے نہ حکومتیں، نہ حال کی نہ استقبال کی چیزیں نہ قدرت نہ بلندی نہ پستی نہ کوئی اور مخلوق جدا کر سکے گی۔'' یہ کرسچن سائنس کا عقیدہ ہے: کہ الٰہی محبت اپنے اظہار یا موضوع سے عاری نہیں ہو سکتی، کہ خوشی غم میں تبدیل نہیں ہو سکتی کیونکہ غمی خوشی کی مالک نہیں ہے؛ کہ اچھائی بدی کو کبھی پیدا نہیں کر سکتی؛ کہ مادا کبھی عقل کو پیدا نہیں کر سکتا نہ ہی زندگی کبھی موت کا نتیجہ موت ہو سکتی ہے۔ کامل انسان، خدا یعنی اپنے کامل اصول کے ماتحت، گناہ سے پاک اور ابدی ہے۔

### 3۔ 25:336 (خدا)۔31

خدا، انسان کا الٰہی اصول، اور خدا کی شبیہ پر بنا انسان غیر منفک، ہم آہنگ اور ابدی ہیں۔ ہستی کی سائنس کاملیت کے اصول کو سجاتی ہے اور لافانیت کو روشنی میں لاتی ہے۔ خدا اور انسان ایک جیسے نہیں ہیں بلکہ الٰہی سائنس کی ترتیب میں، خدا اور انسان ایک ساتھ رہتے ہیں اور ابدی ہوتے ہیں۔ خدا ولدیت کی عقل ہے اور انسان خدا کی روحانی اولاد ہے۔

### 4۔ 15:251۔27

ہمیں یہ سیکھنا چاہئے کہ انسان کیسے جسم پر حکمرانی کرتا ہے، آیا کہ حفظانِ صحت یا ادویات پر بھروسہ کرنے سے یا اپنی قوت ارادی کے باعث۔ ہمیں یہ سیکھنا چاہئے کہ آیا وہ بیماری اور موت، گناہ اور معافی کی ضرورت پر بھروسہ کرنے سے حکمرانی کرتے ہیں یا اس بلند سمجھ سے حکمرانی کرتے ہیں کہ الٰہی عقل کامل بناتی ہے، سچائی کے وسیلہ نام نہاد انسانی سوچ ہر عمل کرتی ہے، انسانی سوچ کو تمام تر غلطی کو ترک کرنے کی ہدایت دیتی ہے، تاکہ وہ الٰہی عقل کو ہی واحد عقل اور گناہ، بیماری اور موت سے شفا دینے والا تسلیم کرے۔ بلند روحانی فہم کا یہ مرحلہ انسان کو سدھارے گا جب تک کہ غلطی غائب نہ ہو جائے، اور ایسا کچھ باقی نہیں بچتا جسے ہلاک کیا جا سکے یا سزا دی جا سکے۔

### 5۔ 3:205۔32

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

جب ہم الٰہی کے ساتھ اپنے رشتے کو مکمل طور پر سمجھتے ہیں، تو ہم کوئی اور عقل نہیں رکھتے ماسوائے اُس کی عقل کے، کوئی اور محبت، حکمت یا سچائی نہیں رکھتے، زندگی کا کوئی اور فہم نہیں رکھتے، اور مادے یا غلطی کی وجودیت کا کوئی اور شعور نہیں رکھتے۔

## 6۔ 23-14:308

روح سے معمور بزرگوں نے سچائی کی آواز سنی، اور انہوں نے خدا کے ساتھ ویسے ہی بات کی جیسے انسان انسانوں کے ساتھ بات کرتا ہے۔

یعقوب تنہا، غلطی کے ساتھ لڑ رہا تھا، زندگی، مواد اور ذہانت کی فانی حس کے ساتھ جدوجہد کر رہا تھا، جیسے کہ یہ سب مادے کے ساتھ اِس کی جھوٹی تسکینوں اور تکالیف کے ساتھ موجود ہوتے ہیں، جب ایک فرشتہ، سچائی اور محبت کی جانب سے ایک پیغام، اُس پر ظاہر ہوا اور اُس نے اُسے، یا اُس کی طاقت کو یا اپنی غلطی کو مارا، جب تک کہ اُس نے اِس کی غیر حقیقت کو نہ دیکھا، اور وہاں ادراک میں آتے ہوئے، سچائی نے الٰہی سائنس کے اِس فنی ایل میں اُسے روحانی قوت بخشی۔

## 7۔ 16-(دی)7:309

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

پس یعقوب کی جد و جہد کا نتیجہ نکلا۔ اُس نے روح اور روحانی قوت کے فہم کے ساتھ مادی غلطی کو فتح کیا۔ اس نے اُس آدمی کو بدل کرر کھ دیا۔ اُسے مزید یعقوب نہ کہا گیا، بلکہ اسرائیل، خدا کا شہزادہ، یا خدا کا سپاہی کہا گیا جس نے اچھی لڑائی لڑی تھی۔ اُسے اُن کا باپ بننا تھا، جو نہایت سنجیدہ کوشش سے مادی حواس پر روح کی طاقت کے اظہار کی پیروی کر رہے تھے؛ اور زمین کے وہ فرزند جنہوں نے اُس کے نمونے کی پیروی کی وہ اسرائیل کی نسل کہلائے، جب تک مسیحا اُنہیں نیا نام نہ دیتا۔

## 8۔ 296 4:(ترقی)۔6،14۔18،28۔30

ترقی تجربے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ فانی انسان کی پختگی ہے، جس کے وسیلہ لافانی کی خاطر فانی بشر کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ خواہ یہاں یا اس کے بعد، تکالیف یا سائنس کو زندگی اور عقل کے حوالے سے تمام ترفریب نظری کو ختم کر دینا چاہئے، اور مادی فہم اور خودی کو از سرے نو پیدا کرنا چاہئے۔ انسانیت کو اُس کے اعمال کے ساتھ منسوخ کر دینا چاہئے۔ کوئی بھی نفس پرستی یا گناہ آلود چیز لافانی نہیں ہے۔ یہ مادے کی موت نہیں بلکہ جھوٹے مادی فہم اور گناہ کی موت ہی ہے جسے انسان اور زندگی ہم آہنگ، حقیقی اور ابدی ظاہر کرتے ہیں۔

مادے کی نام نہاد لذتیں اور درد نیست ہو جاتے ہیں اور انہیں سچائی کے شعلہ، روحانی فہم، اور ہستی کی حقیقت کے ماتحت چلنا ہوگا۔ فانی عقیدے کو غلطی اور گناہ سے چھٹکارہ پانے کے لئے ان میں پائی جانے والی تمام تر تسکین کو ختم کرنا ہوگا۔

فانی عقل مادی حواس کی گواہی کا فیصلہ کرتی ہے، یہاں تک کہ سائنس اس جھوٹی گواہی کو مٹا دیتی ہے۔ ایک بہتر عقیدہ غلطی میں سے نکلا ہوا پہلا قدم ہے، اور اگلا قدم اُٹھانے اور کرسچن سائنس کی صورتحال کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔

## 9۔ 297:12(غلط)۔19

غلط عقیدہ سچائی سے مٹ جاتا ہے۔ ثبوت بدل جائے تو وہ چیز غائب ہو جاتی ہے جو اِس غلط عقیدے کے نزدیک پہلے حقیقی معلوم ہوتی تھی، اور انسانی شعور بلندی کی جانب گامزن ہوتا ہے۔ اس طرح ہستی کی حقیقت حاصل ہوتی ہے اور انسان لافانی ثابت ہوتا ہے۔ کسی بھی مادی تصور کے بارے میں واحد حقیقت یہ ہے کہ نہ تو وہ سائنسی ہے اور نہ ہی ابدی، بلکہ وہ تبدیلی اور تحلیل کے تابع ہے۔

## 10۔ 292:27۔31

یہ جسمانی مادی ذہنیت، عقل کے نام کا غلط استعمال، فانی ہے۔ اس لئے انسان فنا ہو جائے گا، جو حقیقی روحانی انسان کے اپنے خدا کے ساتھ ناقابل تسخیر رابطے کی جانب اشارہ ہے جسے یسوع روشنی میں لایا۔

## 11۔ 114:23۔29

کرسچن سائنس سارے اسباب کو جسمانی نہیں بلکہ ذہنی قرار دیتی ہے۔ یہ جان اور بدن سے خفیہ پردہ ہٹاتی ہے۔ یہ انسان کا خدا کے ساتھ سائنسی تعلق بیان کرتی ہے، ہستی کے ملے جلے ابہام کو جدا کرتی ہے، اور غلامانہ سوچ کو آزاد کرتی ہے۔ الٰہی سائنس میں، کائنات بشمول انسان روحانی، ہم آہنگ اور ابدی ہے۔

## 12۔ 91:5۔8

آیئے ہم اِس عقیدے سے پیچھا چھڑائیں کہ انسان خدا سے الگ ہے اور صرف الٰہی اصول، زندگی اور محبت کی فرمانبرداری کریں۔ یہاں پوری حقیقی روحانی ترقی کے لئے روانگی کا بڑا نقطہ آتا ہے۔

## 13۔ 316:3۔7

حقیقی انسان کا سائنس کی بدولت اپنے خالق سے تعلق استوار کرتے ہوئے، بشر کو صرف گناہ سے دور ہونے اور مسیح، یعنی حقیقی انسان اور خدا کے ساتھ اُس کے تعلق کو پانے اور الٰہی فرزندگی کو پہچاننے کے لئے فانی خودی سے نظر ہٹانے کی ضرورت ہے۔

## 14۔ 306:18(آدمی)۔20

---

۔۔۔انسان خدا کا سایہ ہے تو انسان کو اچانک خدا سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔ لٰہذہ سائنس انسان کی وجودیت کے برقرار ہونے کو ثابت کرتی ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظرانداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔